دسمبر 2018 | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر)) | I Semester پہلا سمسٹر

پرچہ : احتساب برائے اکتساب

Paper - BBED113CCT : Assessment for Learning

وقت : Time : 3 Hrs گھنٹے | جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) احتساب برائے اکتساب میں درج ذیل میں سے کیا شامل ہوتا ہے؟

(a) تشکیلی تعین قدر (b) مجموعی تعین قدر (c) تعین قدر بذریعہ خود (d) مسلسل جامع تعین قدر

(ii) ذیل میں سے کس میں کیفیتی فیصلہ شامل ہوتا ہے؟

(a) جانچ (b) تعین قدر (c) پیائش (d) احتساب

(iii) درج ذیل میں سے کون سا احتسابی آلہ کمیتی ہے؟

(a) چیک لسٹ (b) سوالنامہ (c) جانچ (d) شرح پیائش

(iv) درج ذیل میں سے کون سا بیان صحیح نہیں ہے؟

(a) طویل جوابی سوالات کی تشکیل آسان ہے (b) کثیر انتخابی سوالات کی تشکیل مشکل ہے

(c) اطلاقی تکنیک کی جانچ مشکل ہے (d) طویل جوابی سوالات کی جانچ آسان ہے۔

(v) درج ذیل میں سے کون سا مقصد تعین قدر کا مقصد نہیں ہے؟

(a) ترقی کرنا (b) رہنمائی کرنا (c) تقرری کرنا (d) انتخاب کرنا

(vi) درج ذیل میں سے کون سی جانچ استعداد کی راست پیائش کرتی ہے؟

(a) معیاری ٹیسٹ (b) پرفارمینس ٹسٹ (c) پیپر پنسل ٹسٹ (d) شخصیت کی جانچ

(vii) درج ذیل میں سے کونسی جانچ تدریس کی کسی خاص اکائی میں حصولیابی معلوم کرنے کے لیے کی جاتی ہے؟

(a) رجحان کی جانچ (b) صلاحیت کی جانچ (c) معیاری جانچ (d) معلم کے ذریعہ تیار کردہ جانچ

(viii) اچھی تدریس................ پرمرکوز ہوتی ہے، جب کہ موثر تدریس................ پرمرکوز ہوتی ہے۔

ان خالی جگہوں کے لیے بالترتیب درست الفاظ درج ذیل میں سے کون سے ہیں؟

(a) معلم کا منصوبہ اور درسی کتاب کے مقاصد (b) درسی کتب کے مقاصد اور معلم کا منصوبہ

(c) طلبا کی آموزش اور معلم کی تدریس (d) معلم کی تدریس اور طلبا کی آموزش

(ix) طلبا کا متوقع برتاؤ درج ذیل میں سے کس کے ذریعہ معلوم کیا جا سکتا ہے؟

(a) مقاصد اور فراہم کردہ تدریس سے (b) اعلیٰ درجہ کے افکار عمل سے

(c) وہ مہارتیں جن پر معلم زور دیتا ہے (d) وہ تمام چیزیں جن سے طالب علم عمل کرنا سیکھتا ہے

(x) تحصیلی جانچ کی تیاری کے لیے درج ذیل میں سے کون سا اہم ترین جزو ہے؟

(a) طلبا کو ٹیسٹ کے مطابق مہارتیں سیکھنا (b) طلبا کو درسی کتب کے اسباق کا اعادہ کروانا

(c) طلبا کو اچھی تدریس فراہم کرنا (d) اعادہ کے دوران زبانی سوالات کی تکنیک موثر طریقے سے استعمال کرنا

حصہ دوم

2. Port Folio اور Rubrics کا مفہوم اور افادیت واضح کیجیے۔
3. ایک معیاری احتساب کی خصوصیات اور اصول تحریر کیجیے۔
4. ہندوستانی امتحان کے نظام میں اصلاح کیلئے تجاویز پیش کیجیے۔
5. معروضی قسم کے سوالات کی تشکیل میں کن احتیاط کو مدنظر رکھنا چاہئے۔
6. Feedback کا مفہوم بیان کرتے ہوئے تعلیم میں اس کی اہمیت اور اقسام واضح کیجیے۔
7. ایک مناسب احتسابی پروگرام منتخب کرنے کے معیار کون کون سے ہونے چاہیے۔
8. شماریاتی تکنیک اور آلات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ Measures of Central Tendency مرکزی فطرت کی پیائش مع مثال واضح کیجیے۔
9. امتحان کے نظام میں اصلاح کے لیے آئی سی ٹی کے وسائل کس طرح استعمال میں لائے جا سکتے ہیں؟ واضح کیجیے۔

حصہ سوم

10. تعلیمی آلات کی تشکیل کے مراحل مع مثال واضح کیجیے۔
11. احتساب کے مقاصد اور وسعت کی بنیاد پر احتساب کی درجہ بندی مناسب مثالوں کے ذریعہ مفصل بیان کیجیے۔
12. امتحان میں اصلاحات کے لیے کوٹھاری کمیشن، قومی تعلیمی پالیسی اور قومی درسیات کے خاکہ کی سفارشات بیان کیجیے۔
13. Normal Probability Curve کی خصوصیات کون کون سی ہیں؟ تعلیم میں اس کے اطلاق واضح کیجیے۔ ایک معلم کی حیثیت سے آپ تدریسی و اکتسابی عمل میں اس کا استعمال کس طرح کریں گے؟
14. اکتساب کے مختلف پہلوؤں اور سطحوں کی وضاحت کیجیے۔

☆☆☆